[TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

*A*
*Bill*

*to provide for a mechanism to carry out a commercial transaction under an inter-governmental framework agreement to promote, attract and encourage foreign states to have economic and business relations with the Islamic Republic of Pakistan;*

**WHEREAS** in order to facilitate inter-governmental economic and commercial transactions, it is necessary to provide for a legal framework and for matters connected therewith and ancillary thereto;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, extent and commencement**.- (1) This Act shall be called the Inter-Governmental Commercial Transactions Act, 2022.

(2) It shall extend to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions**.- (1) In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,-

(a) "commercial agreement" means business agreements entered under the G2G agreement;
(b) "Cabinet Committee" means Cabinet Committee on Inter-Governmental Commercial Transactions;
(c) "commercial transaction" includes sale, purchase, investment, divestment, procurement, licensing, lease, joint ventures, assignments, concessions, services contracts, management contracts or such other mode of business transactions arising out of a G2G agreement or a commercial agreement;
(d) "Federal Government" means the Government of Pakistan as defined under Article 90 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan; and
(e) "G2G agreement" or "inter-governmental framework agreement" means an agreement or memorandum of understanding entered between the Federal Government and government of a foreign state.

3. **Inter-governmental framework agreement**.- (1) The Federal Government may enter into a G2G agreement with the government of a foreign state for the purposes of this Act.

(2) The G2G agreement under sub-section (1) shall include broad parameters and mechanism for execution of intended commercial transaction.

(3) Unless provided otherwise by the Cabinet Committee, a commercial agreement under the G2G agreement shall be negotiated and executed between the nominated entities of the Federal Government and government of the foreign state.

(4) In case of entity nominated by the government of the foreign state, that government shall have either shareholding or control of the entity.

4. **Constitution of Cabinet Committee.-** (1) The Federal Government shall, by notification in the official Gazette, constitute a Cabinet Committee on Inter-Governmental Commercial Transactions.

(2) The Cabinet Committee may:

(a) authorize negotiations for a G2G agreement between the Federal Government and government of a foreign state;
(b) constitute a negotiation committee for a G2G agreement or a commercial agreement, as the case may be, and approve price discovery mechanism;
(c) recommend approval of the G2G agreement or a commercial agreement finalized by the negotiation committee;
(d) recommend for relaxations, exemptions, exclusions or concessions from regulatory compliance;
(e) authorize fast track procurement of services of transaction advisors or consultants; and
(f) take such decisions necessary for expeditious execution of the commercial transaction:

Provided that the decision taken under clauses (c) and (d) of sub-section (2) by the Cabinet Committee shall be placed before the Federal Government for approval.

(3) The Cabinet Committee shall facilitate and supervise the commercial transactions under this Act and pass necessary directions for removal of hurdles or difficulties.

(4) The Cabinet Committee may co-opt any person as a member or may require attendance of any person by special invitation as it deems appropriate.

(5) No act, decision or proceedings of the Cabinet Committee shall be invalid by reason of absence, vacancy or defect in the constitution of the Cabinet Committee.

5. **Power to issue instructions.-** The Federal Government may issue appropriate directions to a Provincial Government, local government, agency or authority concerned to implement the objective of the inter-governmental commercial transaction including land acquisition, rehabilitation and re-settlement, provision of utility services, construction of approach roads to the main highways and such other activities of similar nature.

6. **Power to relax or exempt from regulatory compliance.-** The Federal Government on recommendation of the Cabinet Committee, by notification in the official Gazette and subject to such conditions, limitations or restrictions if any as may be specified therein, may relax or exempt from a regulatory requirement or operation necessitated by any law for the time being in force for implementing the inter-governmental commercial transaction.

**7. Conflict of interest.**- If a person acting on behalf of the Federal Government or nominated entity has direct, indirect or perceived personal interest in any agreement under this Act, that person shall-

(a) immediately disclose such interest in writing to the Cabinet Committee; and

(b) not take part in any consideration on that matter unless the Cabinet Committee directs otherwise.

**8. Bar of jurisdiction.**- No court shall entertain an application, petition or suit against any process or act undertaken or done, intended or purported to be undertaken or done under this Act.

(2) No court shall grant an injunction or entertain any application for injunction against any process undertaken, intended or purported to be undertaken for a commercial transaction or agreement under this Act

**9. Indemnity.**—(1) No suit, prosecutions or any other legal proceedings or action in damages shall lie for anything done, procedural lapses or omission in exercise or performance of any functions, power or duty conferred or imposed by or under this Act or any administered legislation unless the act or omission is shown, beyond reasonable doubt to have been in bad faith.

(2) Notwithstanding anything contained in any other law, an investigating agency, anti-graft agency, law enforcement agency or a court shall not inquire into or initiate investigation for any procedural lapse or irregularity by any person in a commercial transaction or agreement under this Act unless there exists an evidence of personal monetary gain with corroborative evidence of link between such monetary gain to the undue benefit rendered to any party of the agreement.

(3) No person shall be sued in his personal capacity for action taken in his official capacity.

(4) Any procedural irregularity or lapse shall not affect, vitiate, set-aside, annul or rescind a commercial transaction or a commercial agreement under this Act.

**10. Overriding effect.**- The provisions of this Act shall have effect notwithstanding anything inconsistent therewith contained in the Companies Act, 2017 (XIX of 2017), Privatization Commission Ordinance, 2000 (LII of 2000), the Public Procurement Regulatory Authority Ordinance, 2002 (XXII of 2002), Public-Private Partnership Authority Act, 2017 (VIII of 2017), Securities and Exchange Commission of Pakistan Act, 1997 (Act No. XLII of 1997), Securities Act, 2015 (Act No. III of 2015) or any other law for the time being in force or in any instrument having effect by virtue of any law other than this Act.

**11. Rules.**- The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out purposes and giving effect to the provisions of this Act.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

As it stands, there is no legislation for authorizing, negotiating and supervising inter-governmental agreements between the Government of Pakistan and government of a foreign state for the purposes of entering into business agreements. Under the proposed law, the Federal Government shall constitute a Cabinet Committee on Inter-Governmental Commercial Transactions and the primary function of the said Committee will be to negotiate and enter into inter-governmental agreement to allow state owned enterprises of both countries to carry out a commercial venture either in Pakistan or in a foreign country. The enactment of the proposed bill is imperative to promote, attract and encourage foreign states to have economic and business relations with the Islamic Republic of Pakistan.

2. The Bill has been designed to achieve the aforesaid objective.

**Minister-in-Charge**

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# بین الحکومتی فریم ورک کے تحت اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ساتھ غیر ملکی ریاستوں کے معاشی اور کاروباری تعلقات کو فروغ دینے، راغب کرنے اور بڑھاوا دینے کے لیے اور تجارتی ٹرانزیکشن کی بجا آوری کے لیئے میکنیزم کے اہتمام کرنے کا بل

ہرگاہ کہ بین الحکومتی معاشی وتجارتی ٹرانزیکشنز اور اس سے منسلکہ اور ذیلی معاملات کو باسہل کرنے کے لیے، یہ ضروری ہے کہ قانونی فریم ورک کا اہتمام کیا جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** یہ ایکٹ بین الحکومتی تجارتی ٹرانزیکشنز ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ کل پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:۔** (۱) اس ایکٹ میں، تاوقتیکہ کوئی شئے سیاق وسباق کے منافی نہ ہو،۔

(الف) ''تجارتی اقرارنامہ'' سے کیا گیا کاروباری اقرارنامہ جو حکومت سے حکومت (G2G) اقرارنامے کے تحت ہو مراد ہے؛

(ب) ''کابینہ کمیٹی'' سے بین الحکومتی تجارتی ٹرانزیکشنز کابینہ کمیٹی مراد ہے؛

(ج) ''تجارتی ٹرانزیکشن'' میں فروخت، خرید، سرمایہ کاری، ترک سرمایہ کاری، حصول، لائسنسینگ، پٹہ پر دینا، مشترکہ مہم جوئی، تفویض کرنا، رعایتیں دینا، خدمات کے لیے معاہدات، انتظامی معاہدات یا ایسی دیگر کاروباری ٹرانزیکشنز جو کہ حکومت سے حکومت (G2G) اقرارنامے یا ایک تجارتی اقرارنامے سے پیدا ہوں، شامل ہیں؛

(د) ''وفاقی حکومت'' سے حکومت پاکستان مراد ہے جیسا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۹۰ میں تعریف کیا گیا ہے؛اور

(ہ) ''G2Gاقرار نامہ''یا''بین الحکومتی فریم ورک اقرار نامہ'' سے ایسا اقرار نامہ یا یادداشت سمجھوتہ جو وفاقی حکومت اور غیر ملکی ریاست کے مابین ہوا ہو، مراد ہے۔

۳۔ **بین الحکومتی فریم ورک اقرار نامہ:۔** (۱) حکومت اس ایکٹ کی اغراض کے لیے غیر ملکی ریاست کے ساتھ G2Gاقرار نامے میں شامل ہوسکتی ہے۔

(۲) G2Gاقرار نامہ ذیلی دفعہ (۱) کے تحت واضح دائرہ کار اور مطلوبہ تجارتی ٹرانزیکشن کی تعمیل کے میکنیزم پر مشتمل ہوگا۔

(۳) بجز اس کے کابینہ کمیٹی کی طرف سے کچھ اور مقرر ہو، G2Gاقرار نامے کے تحت تجارتی اقرار نامہ وفاقی حکومت کی نامزد کردہ ہیئتوں اور غیر ملکی ریاست کی حکومت کے مابین گفت وشنید اور تعمیل ہوگا۔

(۴) غیر ملکی ریاست کی حکومت کی جانب سے نامزد کردہ کسی ہیئت کی صورت میں، مذکورہ حکومت ہیئت کی یا تو شیئر ہولڈنگ ہوگی یا اس کا کنٹرول ہوگا۔

۴۔ **کابینہ کمیٹی کی تشکیل:۔** (۱) وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، بین الحکومتی تجارتی ٹرانزیکشنز پر ایک کابینہ کمیٹی کی تشکیل کرے گی۔

(۲) کابینہ کمیٹی:

(الف) وفاقی حکومت اور غیر ملکی ریاست کے درمیان G2Gاقرار نامے کی گفت وشنید کے لئے مجاز کرسکتی ہے؛

(ب) G2Gاقرار نامے یا تجارتی اقرار نامے کے لیے کمیٹی تشکیل دے سکتی ہے، جیسی بھی صورت ہو، اور قیمتوں کے تعین کے میکنزم کی منظوری دے سکتی ہے؛

(ج) گفت وشنید کمیٹی کی جانب سے حتمی بنائے گئے G2Gاقرار نامے یا تجارتی اقرار نامے کی منظوری کے لئے سفارش کرسکتی ہے؛

(د) انضباطی تعمیل میں چھوٹ، رعایت، استثناء یا رعایت دینے کے لیے تجویز کرسکتی ہے؛

(ہ) ٹرانزیکشن مشیران یا صلاح کاران کی خدمات کے حصول میں تیزی لانے کے لیے اجازت دے سکتی ہے؛اور

(و) ایسے فیصلے کرسکتی ہے جوتجارتی ٹرانزیکشن کے تیزترین تعمیل کے لیے ضروری ہوں:

مگر شرط یہ ہے کہ دفعہ (۲) کی ذیلی شقات (ج) اور (د) کے تحت لیئے گئے کابینہ کمیٹی کے فیصلے وفاقی حکومت کے روبرو منظوری کے لیے پیش کئے جائیں گے۔

(۳) کابینہ کمیٹی اس ایکٹ کے تحت تجارتی ٹرانزیکشنز کو سہل بنائے گی اور ان کی نگرانی کرے گی اور رکاوٹوں اور مشکلات کے ازالہ کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کرے گی۔

(۴) کابینہ کمیٹی کسی بھی شخص کو بطور رکن چن سکتی ہے یا کسی بھی شخص کو خصوصی دعوت پر حاضری کے لیئے طلب کرسکتی ہے جیسا کہ وہ موزوں خیال کرے۔

(۵) کابینہ کمیٹی کا کوئی بھی فعل، فیصلہ یا کارروائیاں غیر حاضری، کسی اسامی کے خالی ہونے یا کابینہ کمیٹی کی تشکیل میں نقص کے سبب باطل نہ ہوں گی۔

**۵۔ __ہدایات جاری کرنے کا اختیار:۔__** وفاقی حکومت بین الحکومتی تجارتی ٹرانزیکشن کے مقاصد کو لاگو کرنے کے لیے کسی بھی متعلقہ صوبائی حکومت، مقامی حکومت، ایجنسی یا اتھارٹی کو موزوں ہدایات جاری کرسکتی ہے جس میں اراضی کا حصول، بحالی اور آبادکاری، یوٹیلیٹی سروسز کی فراہمی، مرکزی شاہراہ تک رسائی کے لیے رابطہ سڑکوں کی تعمیر اور اس طرح کی دیگر مماثل سرگرمیاں شامل ہیں۔

**۶۔ __انضباطی تعمیل سے چھوٹ دینے یا استثناء دینے کا اختیار:۔__** وفاقی حکومت کابینہ کمیٹی کی سفارش پر، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے اور ایسی شرائط، تحدیدات اور پابندیوں کے تابع اگر کوئی ہوں، جیسا کہ اس میں صراحت کی جاسکتی ہیں کسی انضباطی مقتضیات یا فی الوقت نافذ العمل قانون کے ذریعے آغاز کردہ کسی بھی کارروائی سے چھوٹ یا استثناء دے سکتی ہے تاکہ بین الحکومتی تجارتی ٹرانزیکشن کو لاگو کیا جاسکے۔

۷۔ **مفادات کاٹکراؤ:۔** اگر کوئی شخص وفاقی حکومت کے نمائندے کے طور پر عمل انجام دے رہا ہو یا ہیئت کی جانب سے نامزد کیا گیا ہو یا اس ایکٹ کے تحت کسی بھی معاہدے میں بلواسطہ یا بلاواسطہ مفاد رکھتا ہو یا ذاتی مفاد کا مشاہدہ کیا گیا ہو تو وہ شخص۔

(الف) فوراً مذکورہ مفاد کو کابینہ کمیٹی کو ظاہر کرے گا؛ اور

(ب) اس معاملے میں ہر کسی بھی غور وخوص میں حصّہ نہ لے گا تاوقتیکہ کابینہ کمیٹی بصورت دیگر ہدایت نہ دے۔

۸۔ **عذر مانع اختیار سماعت:۔** کوئی بھی عدالت کسی بھی کارروائی یا ذمے لیے گئے یا انجام دیے گئے عمل کے خلاف دی گئی درخواست عرضی یا مقدمے کی سماعت نہیں کرے گی جو اس ایکٹ کے تحت انجام دیا گیا ہو یا انجام دینے کا ارادہ یا منشاء ہو۔

(۲) کوئی بھی عدالت کوئی بھی حکم امتناعی عطاء نہیں کرے گی یا کسی بھی کارروائی کے خلاف جو اس ایکٹ کے تحت تجارتی ٹرانزیکشن کے لیے کی گئی ہو یا کرنے کا ارادہ ہو یا منشاء ہو کے خلاف کسی بھی حکم امتنائی کی درخواست کی سماعت نہیں کرے گی۔

۹۔ **استثناء:۔** (۱) اس ایکٹ یا کسی انتظامی قانون سازی کے تحت کسی بھی کیئے گئے کام، انضباطی کوتاہیوں یا فروگزاشت کسی بھی کارہائے منصبی اختیار یا ڈیوٹی کے ادا کرنے یا استعمال کرنے میں جو تفویض کی گئی ہو یا عائد کی گئی ہو پر کوئی مقدمہ، استغاثے یا کوئی دیگر قانونی کارروائیاں یا ایکشن بطور ہر جانہ نہ ہو گا تاوقتیکہ فعل یا فروگزاشت یہ ظاہر ہر رہی ہو کہ وہ معقول شبہ سے ماوراء ہے کہ وہ بدنیتی سے کی گئی ہے۔

(۲) فی الوقت نافذ العمل دیگر کسی قانون میں شامل کسی بھی شئے کے باوصف، ایک تحقیقاتی ایجنسی، انسداد کرپشن ایجنسی، قانون نافذ کرنے والی ایجنسی یا کوئی عدالت تحقیقات نہیں کرے گی یا کسی بھی شخص کی جانب سے اس ایکٹ کے تحت کسی بھی تجارتی ٹرانزیکشن یا معاہدے میں کسی بھی انضباطی کوتاہیوں کی بابت تحقیقات کا آغاز نہیں کرے گی تاوقتیکہ اس کے ساتھ ذاتی مالیاتی فائدہ حاصل کرنے کا مصدق ثبوت نہ ہو یا مذکورہ مالیاتی فائدہ معاہدے کے کسی بھی فریق کو ناجائز فائدہ پہنچا رہا ہو۔

(۳) کسی بھی شخص کے خلاف کسی بھی عمل کی بابت جو اس نے ایسے سرکاری حیثیت سے انجام دیا ہو کے

خلاف مقدمہ دائر نہیں کیا جائے گا۔

(۴) کوئی بھی انضباطی بے قاعدگی یا کوتاہی اس ایکٹ کے تحت کسی بھی تجارتی اقرار نامے یا تجارتی ٹرانزیکشن کو مؤثر، باطل کرنا، منسوخ، کالعدم یا مسترد نہیں کرے گی۔

۱۰۔ **غالب اثر:۔** اس ایکٹ کے احکامات کمپنیات ایکٹ ۲۰۱۷ء (نمبر ۱۹ بابت ۲۰۱۷ء) نجکاری کمیشن آرڈیننس ۲۰۰۰ء (نمبر ۵۲ مجریہ ۲۰۰۰ء) پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس ۲۰۰۲ء (نمبر ۲۲ مجریہ ۲۰۰۲ء) پبلک پرائیوٹ پاٹنرشپ اتھارٹی ایکٹ ۲۰۱۷ء (نمبر ۸ مجریہ ۲۰۱۷ء) سکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ایکٹ ۱۹۹۷ء (ایکٹ نمبر ۴۲ بابت ۱۹۹۷ء) سکیورٹیز ایکٹ ۲۰۱۵ء (ایکٹ نمبر ۳ بابت ۲۰۱۵ء) یا فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون یا کسی بھی دستاویز جو اس ایکٹ کے علاوہ کسی قانون کے باوصف مؤثر میں شامل کسی بھی شئے سے متناقض ہونے کے باوجود مؤثر ہوں گے۔

۱۱۔ **قواعد:۔** وفاقی حکومت اس ایکٹ کے احکامات کو مؤثر بنانے اور عمل میں لانے کے لیے سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے قواعد وضع کر سکے گی۔

## بیان اغراض و وجوہ

موجودہ حالات میں حکومت پاکستان اور ایک غیر ملکی ریاست کے مابین ایک تجارتی معاہدے میں شامل ہونے کے اغراض کے لیے بین الحکومتی معاہدات کے لیے مجاز کرنے، گفت وشنید کرنے اور نگرانی کرنے کے لیے کوئی بھی قانون سازی نہیں ہے۔ مجوزہ قانون کے تحت وفاقی حکومت بین الحکومتی تجارتی ٹرانزیکشنز کے لیے ایک کابینہ کمیٹی تشکیل دے گی، مذکورہ کمیٹی کے ابتدائی کارہائے منصبی گفت وشنید کرنا اور بین الحکومتی معاہدے میں شامل ہونا ہے۔ دونوں ممالک کے ریاستی ملکیت کی انٹرپرائزز کو تجارتی مہم کے عمل میں لانے کے لیے خواہ پاکستان میں ہو یا بیرون ملک میں ہو مجوزہ بل کا نفاذ غیر ملکی ریاستوں کو اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ساتھ معاشی اور تجارتی تعلقات کو فروغ دینے، مائل کرنے اور حوصلہ افزائی کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ لہٰذا یہ بل۔

وزیر انچارج